ماہِ قرآن رمضان المبارک میں امتّ محبوبِ رحمٰن کو پہنچائیں،
پیغامِ قرآن اور فرامینِ شاہِ دو جہان
درسِ قرآن وحدیث
رمضان المبارک 1446
پیشکش
علامہ راشد علی عطاری مدنی
درس نمبر:16
ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

درسِ رمضان المبارک:16

مرتبین
محمد فاروق عبداللّٰہ

زیرِ نگرانی
علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹر نیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

نام کتاب : خلاصہ پارہ سولہ مع درسِ حدیث

مرتب : محمد فاروق عبداللہ

صفحات : 10

اشاعت اوّل: مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)

پیشکش : ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اور نواھی منتخب کر کے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل کے کورس "فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس" کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

محمد فاروق عبداللہ

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دو اربعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور 60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاء اللہ

خلاصہ پارہ سولہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوة والسلام علیك یارسو ل اللّٰه

سرکشی اور کفر سے اپنے والدین کو مشکل میں نہ ڈالو۔(الکہف:80،پارہ 16)

یتیموں کے مال کی حفاظت کرو اور جب وہ بالغ ہو جائیں تو ان کا مال ان کے حوالے کر دو۔(الکہف:82،پارہ16)

ظلم(شرک اور کفر)سے بچو۔(الکہف:87،پارہ16)

ایمان لاؤ اور نیک اعمال کرو۔(الکہف:88،پارہ16)

مشکلات کے حل کے لیے ایک دوسرے کی مدد کرو۔(الکہف:95، پارہ16)

اللہ کے وعدے کا یقین رکھو۔(الکہف:98،پارہ16)

دنیا کی آسائشوں کے پیچھے پڑ کر اپنی کوششوں کو بیکار نہ کرو بلکہ آخرت کی تیاری کرو۔(الکہف:104،پارہ16)

1۔اللہ کی آیات کا انکار نہ کرو۔

2۔اللہ سے (قیامت کے دن) ملاقات کا انکار نہ کرو۔(الکہف:105، پارہ16)

انبیاء کا مذاق نہ اڑاؤ۔(الکہف:106، پارہ16)

نیک اعمال کرو۔(الکہف:107، پارہ16)

اللہ کی حمد بیان کرو۔(الکہف:109، پارہ16)

اللہ کو پکارو۔ اور اس سے کبھی ناامید نہ ہو۔(مریم:4پارہ16)

اللہ سے دعامانگو۔(مریم:6پارہ16)

تقویٰ اختیار کرو۔(مریم:13، پارہ16)

اپنے والدین کے ساتھ حسن سلوک کرو اور نافرمانی نہ کرو۔(مریم: 14، پارہ16)

برے شخص سے اللہ کی پناہ مانگو۔(مریم:18، پارہ16)

اللہ کی بندگی کرو۔(مریم:36، پارہ16)

گروہوں میں تقسیم نہ ہو۔(مریم:37، پارہ16)

اللہ کے سوا کسی اور کی عبادت نہ کرو۔ اللہ کے سوا کسی سے مدد طلب نہ کرو۔ اللہ کے عذاب سے ڈرو۔ شیطان کے ساتھی نہ بنو۔(مریم:43,42,

44،45،پارہ16)

اپنے رب سے استغفار کرتے رہو۔(مریم:47،پارہ16)

اللہ سے ناامید نہ ہو۔(مریم:48،پارہ16)

نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو۔(مریم:55،پارہ16)

اللہ کی آیات پر غور و فکر کرو۔(مریم:58،پارہ16)

نماز ترک نہ کرو۔

خواہشات کی پیروی نہ کرو۔(مریم:59پارہ16)

اللہ کے وعدے کا یقین رکھو۔(مریم:61پارہ16)

پل صراط کے اوپر سے گزرنے کا یقین رکھو۔کیونکہ یہ اللہ کا فیصلہ ہے۔(مریم:71پارہ16)

تقویٰ کی روش اختیار کرو۔

ظالم نہ بنو۔(مریم:72پارہ16)

سازوسامان اور شان و شوکت کے پیچھے نہ پڑو۔(مریم:74پارہ16)

اللہ سے ڈرتے رہو۔(طہٰ:3پارہ16)

قیامت اچانک آئے گی اس کے آنے کا یقین رکھو۔(طہٰ:15پارہ16)

ایسے لوگوں کی باتوں میں نہ آنا جو قیامت پر ایمان نہیں رکھتے۔

اپنی خواہشات کی پیروی نہ کرو۔(طٰہٰ:16 پارہ16)

اللہ جو عطا کرے اس میں راضی رہو۔(طٰہٰ:81 پارہ16)

اپنے گناہوں سے توبہ کرتے رہو۔

نیک اعمال کرو اور سیدھی راہ چلو۔(طٰہٰ:82 پارہ16)

عجلت سے کام نہ لو۔(طٰہٰ:83 پارہ16)

قرآن سے منہ نہ پھیرو۔(طٰہٰ:100 پارہ16)

قرآن کو سمجھو اور پرہیز گار بنو۔(طٰہٰ:113 پارہ16)

اللہ سے علم میں اضافے کی دعا کرو۔(طٰہٰ:114 پارہ16)

شیطان کے بہکاوے میں نہ آؤ۔(طٰہٰ:117 پارہ16)

اپنے رب کی نافرمانی نہ کرو۔(طٰہٰ:121 پارہ16)

توبہ کرتے رہو کیونکہ یہ اللہ کو پسند ہے۔(طٰہٰ:122 پارہ16)

اللہ کی یاد سے اعراض نہ کرو۔(طٰہٰ:124 پارہ16)

اللہ کی آیات کو نظر انداز نہ کرو۔(طٰہٰ:126 پارہ16)

حد سے تجاوز نہ کرو۔

اللہ کی آیات پر ایمان لاؤ۔(طہ:127 پارہ16)

ہلاک شدہ قوموں سے نصیحت حاصل کرو۔(طہ:128 پارہ16)

اپنے گھر والوں کو بھی نماز کا حکم دو۔

پرہیز گاری کی روش اختیار کرو۔(طہ:132 پارہ16)

درسِ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

آگ میں داخل نہیں ہو گا

مَنۡ صَلّٰی عَلَیَّ لَمۡ یَلِجِ النَّارَ

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: "جو مجھ پر دُرودِ پاک بھیجے گا وہ آگ میں داخِل نہ ہو گا۔" (بستان الواعظین لابن جوزی، ص418)

اصل مُجَاہدہ

اَلْمُجَاهِدُ مَنۡ جَاهَدَ نَفۡسَهٗ

(شعب الایمان، 7/499، حدیث: 11123 ملتقطاً)

مجاہد وہ ہے جو اپنے نفس کے ساتھ جہاد کرے۔

شرحِ حدیث: یعنی نفسِ امارہ کے ساتھ جو کہ برائی کا حکم دیتا ہے۔ انسان کو چاہیے نفس امارہ کو اللہ پاک کی رضا، نیکی کے کاموں اور گناہوں سے بچنے کی طرف راغب کرے اور یہی اصل مجاہدہ ہے۔(التیسیر بشرح الجامع الصغیر، 2/454)

سال بھر تک رزقِ حلال

مَنْ جَاعَ اَوِ احْتَاجَ فَکَتَمَہُ النَّاسَ کَانَ حَقًّا عَلَی اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ یَرْزُقَہُ رِزْقَ سَنَۃٍ مِنْ حَلَالٍ

(شعب الایمان،7/215،حدیث:10054)

فرمانِ مصطفٰے صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم: "بھوکا اور حاجت مند اگر اپنی حاجت لوگوں سے چھپائے۔ خدائے تعالٰی رزق حلال سال بھر تک اسے عنایت کرے۔"

شرحِ حدیث: یہاں بھوک سے مراد قابلِ برداشت بھوک ہے جس سے ہلاکت نہ ہو، اس کا چھپانا اور خود کما کر پیٹ بھرنا بہتر ہے، لیکن اگر بھوک سے جان نکل رہی ہے تو اس کا ظاہر کرنا کسی سے کچھ لے کر بقدر ضرورت کھالینا فرض ہے، اگر چھپائے گا اور بھوکا مرجائے گا تو حرام موت مرے گا۔(مراٰۃ المناجیح،7/84)

✍ راشد علی عطاری مدنی

ایم فل ریسرچ اسکالر

ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل

https://wa.me/923126392663

اپنا تعلیمی ادارہ بنائیں | علم بھی پھیلائیں | روزگار بھی پائیں

آن لائن انسٹیٹیوٹ / اکیڈمی کیسے بنائیں؟

قرآن کورسز کیسے کروائیں؟
(15 کورسز کروانے کی تربیت و نصاب)

حدیث کورسز کیسے کروائیں؟
(19 کورسز کی تربیت، نصاب مع انداز)

تعلیمات قرآن و حدیث کورس کیسے کروائیں؟
(کورسز اور کتابوں کی نشاندہی)

سیرت کورسز کیسے کروائیں؟
(14 کورسز کی تربیت، نصاب مع انداز)

انسٹیٹیوٹ چلانے میں معاون 100 سے زائد اہم ترین نکات پر لیکچر ہوں گے۔

- آن لائن اداروں کی ضرورت و اہمیت
- آن لائن کورسز کیوں اور کیسے کروائیں؟
- آن لائن ادارے کامیاب کرنے کی ٹپس
- آن لائن کورسز اور مالی دھوکے بازیاں
- آن لائن کورسز کے سرٹیفکیٹ کیسے دیں؟
- قرآن، حدیث اور دیگر کورسز بنانے کی ٹریننگ
- کورسز کی سلائیڈز کے لیے پاور پوائنٹ کی ٹریننگ
- درسِ نظامی والے کون سے کورسز کروائیں؟
- کثیر افراد سے رابطہ کیسے بڑھائیں؟
- آن لائن اکیڈمی کے لیے ضروری کمپیوٹر ٹریننگ
- آن لائن اکیڈمی کے لیے ضروری موبائل ٹریننگ
- زوم پر کلاس اور ریکارڈنگ کا طریقہ
- انسٹیٹیوٹ کو اہل علم میں کیسے متعارف کروائیں؟
- بیرونِ ملک سے فیس کیسے منگوائیں؟

رجسٹریشن کی آخری تاریخ

9 مارچ 2025

داخلہ کی تفصیل

10 تا 20 مارچ 2025

داخلہ فیس انتہائی کم

پاکستان: 500 روپے | ہندوستان: 300 روپے

کلاس کی تفصیل

روزانہ واٹس اپ پر ریکارڈنگ بھیجی جائے گی

اپنی سہولت سے کسی بھی وقت ویڈیوز دیکھیں

ہر طرح کا سوال کرنے کی اجازت | اختتام پر سرٹیفکیٹ

داخلہ لینے والوں کو 100 تحقیقی کورسز کی ریکارڈنگ فری ملے گی

مدرس

استاذ التحقیق والتصنیف علامہ راشد علی مدنی

ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل

ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل